© rasailojaraid.com



# بسلسلۂ فتنۂ تکفیر

## مولنا شبیر احمد عثمانی کا ایک خط اور اس پر تبصرہ

اشاعت گذشتہ میں تکفیر کے جس فتوے پر اظہار خیال کیا گیا تھا، اس کے متعلق جناب مولنا شبیر احمد صاحب عثمانی کے ایک شاگرد نے ہم کو مولنا کی ایک تحریر لا کر دی ہے جس میں مولنا نے اپنی پوزیشن صاف کرنے کی کوشش فرمائی ہے۔ یہ تحریر دراصل ایک خط ہے جو مولنا نے اپنے ایک نیاز مند خاص کو لکھا تھا، مگر جن صاحب کے ذریعہ سے یہ خط ہم کو ملا ہے ان کا بیان ہے کہ وہ مولنا سے اس کو شائع کرنے کی اجازت حاصل کر چکے ہیں۔ لہٰذا ہم یہاں اس کو درج کرنے کے بعد اس پر ایک مختصر تبصرہ کریں گے۔

جناب مولنا تحریر فرماتے ہیں۔

"مجھے اوروں سے بحث نہیں، اپنی عبارت سے سروکار ہے، سمجھ میں نہیں آتا کہ الاصلاح والوں نے سہام ملام کا ہدف مجھے ہی سب سے زیادہ کیوں بنا رکھا ہے میری عبارت پڑھ جائیے، نہ کسی خاص شخص کا نام ہے نہ مستفتی نے ہم کو جو استفتا دکھلایا تھا اس میں مولنا حمید الدین اور علامہ شبلی کا نام تھا، میں نے یہی لکھا ہے کہ اگر یہ خیالات و مقالات کسی شخص کے متعین ہو جائیں تو بیشک یہ الحاد و زندقہ ہے، ان سے احتراز واجب ہے۔ آسان بات تھی کہ یہ ثابت کر دیا جاتا کہ فلاں فلاں حضرات کے یہ عقائد نہیں، چلئے چھٹی ہوئی کم از کم مجھکو اس سے کچھ تعرض نہ رہتا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بلکہ خوشی ہوتی، کیونکہ مستفتی صاحب کو معلوم ہے کہ میں نے اتنی عبارت ہی بحید کراہیت سے لکھی تھی۔ اپنا اصول یہ ہے کہ اس طرح کی بحثوں سے تا بحدامکان علیٰحدہ رہے۔

مولنا حمید الدین صاحب کی کتابیں میں نے نہیں دیکھیں۔ ایک مرتبہ سرسری ملاقات ہوئی ہے، زیادہ احوال معلوم نہیں ہو سکے آپ نے جو کچھ ان کی عبادت و زہد کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔ اس کی تکذیب کی کوئی وجہ نہیں، نہ مزید شہادت کی ضرورت ہے، میں کم از کم اپنے سے زیادہ آپ کو ثقہ سمجھتا ہوں۔

البتہ اہل علم جانتے ہیں کہ ان احوال کو نفس کفر و ایمان کی اساسی بحث میں دخل نہیں۔ یہ احوال بعض اوقات ایمان شرعی سے مفارق بھی ہو سکتے ہیں! دیکھیے یہ ان پر تعریض نہ سمجھیے۔ میں عام مسئلہ کی حیثیت سے عرض کر رہا ہوں۔ اب گذارش یہ ہے کہ الاصلاح والوں نے اپنے بعض رسائل اور اصل عبارات کی نقول میرے پاس بھیجی ہیں۔ مولنا حمید الدین فراہی کی جن دو عبارتوں پر مفتیان عظام نے تکفیر کی بنا رکھی تھی، میں غور و تامل کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا کہ سوء تعبیر اور سماجت عنوان سے یہ عبارات خالی نہیں لیکن موجب تکفیر نہیں ہو سکتیں۔ (واللہ تعالیٰ اعلم) رہا مصنف الکلام کا معاملہ تو میں نے انکی تصانیف خود پڑھی ہیں۔ بلاشبہ مستفتی نے بعض عبارات ایسی نقل کی ہیں جس میں ان کا عقیدہ مذکور نہ تھا بلکہ ملاحدہ کے اقوال تھے۔ مگر یہ دعویٰ کرنا درست نہیں کہ سب عبارات کا یہی حال ہے۔ میں خواہ مخواہ اس بحث کو طول دینا پسند نہیں کرتا۔ صرف الکلام صفحہ ۳۱ کی عبارت ذیل کی طرف توجہ دلاتا ہوں!

## "وجود باری"

"خدا کے اثبات پر قدماء اس طرح استدلال کرتے تھے کہ عالم حادث ہے اور جو چیز حادث ہے یعنی ازلی نہیں ہے وہ کسی علت کی محتاج ہے اور یہی علت خدا ہے۔ اس استدلال



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا دوسرا مقدمہ بدیہی ہے۔ پہلے مقدمہ پر یہ استدلال کیا جاتا تھا کہ عالم میں تغیر ہوتا رہتا ہے اور جو چیز تغیر پذیر ہے وہ حادث ہے۔ یہ استدلال بظاہر نہایت صاف اور واضح تھا اور اس لیے اس کی زیادہ چھان بین نہیں کی گئی لیکن وہ فی الواقع صحیح نہ تھا تمام چیزیں جو عالم میں موجود ہیں، دو چیزوں کا مجموعہ ہیں، مادہ اور ایک خاص صورت ۔ جو چیز بدلتی رہتی اور تغیر پذیر ہے وہ صرف صورت ہے، اصل مادہ ہمیشہ قائم رہتا ہے۔ کوئی چیز جب فنا ہوتی ہے تو صرف اس کی صورت فنا ہوتی ہے اصل مادہ کسی نہ کسی صورت میں ہمیشہ موجود رہتا ہے۔ ایک کاغذ کو جلادو، کاغذ جل کر راکھ ہو جائیگا۔ اب کاغذ فنا ہو گیا لیکن راکھ موجود ہے جو اصل مادہ کی ایک دوسری صورت ہے۔ راکھ کو برباد کرو کسی نہ کسی صورت میں وہ قائم رہے گی، غرض جو چیز حادث ہے وہ صرف صورت ہے۔ اصل مادہ کے حادث ہونے پر نہ کوئی تجربہ پیش کیا جا سکتا ہے نہ کوئی استدلال قائم کیا جا سکتا ہے اس بنا پر عالم کو حادث کہنا صورت کے اعتبار سے صحیح ہے لیکن مادہ کے لحاظ سے صحیح نہیں اور جب عالم کا حدوث ثابت نہیں تو استدلال بھی صحیح نہیں ارسطو نے اسی اعتراض کے لحاظ سے استدلال کا دوسرا طریقہ اختیار کیا۔"

یہ عبارت کسی دوسرے کی نقل و حکایت نہیں نہ مجارات خصم کے لیے علیٰ سبیل التنزل کسی چیز کو فرض کیا گیا ہے، بلکہ خود مصنف اپنی طرف سے تحقیق و تنقیح کر رہا ہے۔ اور دوسروں کے استدلال کو جو ایک صحیح مدعا کے ساتھ کیا جا رہا تھا اپنے مزعومات کی بنا پر رد کرنا چاہتا ہے

یہی عبارت اس کی دلیل ہے کہ صفحہ ۵۴ کی عبارت ذیل میں جو چیز تسلیم کی ہے وہ محض بطور فرض محال نہیں۔ لکھتے ہیں:

"ہمکو اس سے انکار نہیں کہ عالم اجزائے دیمقراطیسی سے بنا ہے، ہمکو یہ بھی تسلیم ہے کہ عالم قدیم ہے، جیسا کہ خود مسلمانوں کے ایک بڑے فرقہ معتزلہ اور حکمائے اسلام فارابی، ابن سینا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اور ابن رشد کی رائے ہے۔ بلکہ جیسا کہ ابن رشد نے تلخیص المقال میں لکھا ہے خود قرآن مجید کی ان آیتوں سے (ان السمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کَانَتَا رَتقًا۔ وَکَانَ عَرشُہٗ عَلَی المَاءِ ثُمَّ استَوٰی اِلَی السَّمَاءِ وَھِیَ دُخَانٌ) یہی متبادر ہوتا ہے۔ ہم یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ مادہ کے اجزا متحرک ہیں حرکت مادہ کی ذاتیات میں سے ہے مختلف قوانین قدرت ہیں جن کے موافق اجزا باہم ملتے ہیں۔ ترکیب پاتے ہیں اور پھر ان میں خاص خاص قوی اور خواص پیدا ہو جاتے ہیں۔ لیکن کائنات کا عقدہ ان باتوں سے بھی حل نہیں ہوتا۔"

کیا عبارات بالا کے خلاف کسی جگہ اپنی کسی پچھلی تصنیف میں مادہ اور حرکت وغیرہ کے حدوث کی تصریح کی ہے اور اس خیال سے رجوع کر لیا ہے کم از کم میری نظر سے نہیں گذرا۔ اگر ایسا ہوا ہو تو انتہائی مسرت وطمانیت کا موجب ہے۔ غرض آنی ہے کہ تکفیر مسلم میں (معاذ اللہ) بندہ کو کوئی دلچسپی نہیں نہ میں اشخاص خصوصاً مشاہیر کی بحث میں الجھنا چاہتا ہوں الا یہ کہ ملجا و مکرہ کی حد تک پہنچا دیا جاؤں۔ اگر یہ شغل محبوب ہوتا اور بریلویوں کا رنگ (خدا نکردہ) قبول کر لیا جاتا تو اس داستان کو طویل بنا لینا کچھ مشکل نہ تھا۔ جو دلخراش جملے اور تفرعن آمیز تلمیحات جرائد میں الاصلاح والوں کی طرف سے استعمال ہو رہی ہیں وہ اللہ کے سپرد ہیں وہ ہی ہماری سب کی نیات پر مطلع ہے اور بندہ بھی باوجود خاطی و عاصی ہونے کے کچھ نہ کچھ خوف خدا دل میں رکھتا ہے۔ ساتھ ہی کسی کی مدح سرائی کی تمنا یا تجہیل تحمیق کا اندیشہ الحمد للہ اظہار حق میں کبھی مانع نہیں ہوا۔ اور اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ آیندہ بھی مانع نہ ہو۔"

[اس تحریر میں صرف ایک چیز ہے جس کو دیکھ کر ہمیں خوشی ہوئی، اور وہ یہ ہے کہ جناب مولنا نے کم از کم مولنا حمید الدین فراہی کے متعلق یہ تسلیم فرما لیا کہ انکی جن عبارات پر تکفیر کا فتویٰ دیا گیا تھا وہ بجائے خود موجب تکفیر نہیں۔ والحمد للہ علیٰ ذالک۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

لیکن ہمیں افسوس ہے کہ مولانا نے اب بھی یہ محسوس نہیں کیا کہ دراصل ان سے کس گناہ کا ارتکاب ہوا ہے؟ ایک خدا ترس مسلمان اور ایک ذمہ دار عالم دین کی حیثیت سے ان کا فرض کیا تھا اور انہوں نے واقع میں کیا کیا؟ وہ جس قسم کی توجیہیں پیش فرما رہے ہیں، ممکن ہے کہ وہ بندوں کو خاموش کرنے کے لیے اچھی تاویل و حجت ہوں، مگر ہمیں خوف ہے کہ خدا کی عدالت میں یہ توجیہیں کام نہیں آسکیں گی۔ اس لیے ہم ایک مرتبہ پھر احقاق حق کی کوشش کرتے ہیں۔ تاکہ مولانا اپنے اصلی گناہ کو سمجھ کر تاویل و حجت کے بجائے توبہ و استغفار فرمائیں اور آیندہ اس کے اعادہ سے مجتنب رہیں۔

یہ بالکل بجا ارشاد ہے کہ مستفتی نے استفتا میں مولانا شبلی اور مولانا حمید الدین کے نام نہیں لکھے تھے بلکہ اس نے صرف عبارتیں پیش کر کے فتویٰ لیا اور بعد میں ان دونوں حضرات کے نام لکھ کر اس فتوے کو شائع کر دیا۔ مگر ہم پوچھتے ہیں کہ کیا جناب والا کو یہ معلوم نہ تھا کہ ہندوستان میں بالعموم تکفیر کے فتوے کس غرض کے لیے اور کن کن ترکیبوں سے لیے جاتے ہیں، آپ حضرات تو خود ایسے فتووں کے زخم خوردہ ہیں۔ بڑے بڑے زندہ اور مردہ علما و مشائخ پر اس سے پہلے جو فتوے لکھوائے جا چکے ہیں، اور خود دیوبند کے اکابر کے خلاف جو فتوے صادر ہو چکے ہیں، کیا وہ سب خالص نیک نیتی کے ساتھ اصلاح خیال کی غرض سے لیے گئے تھے؟ یا ان کی اصل غرض یہ تھی کہ ایک جماعت کے خلاف بدگمانیاں پھیلا کر مسلمانوں میں اس کو ساقط الاعتبار کیا جائے اور اس کے مقابلہ میں خود اپنا اعتبار قائم کیا جائے؟ سابق کے تمام تجربات گواہ ہیں کہ اس قسم کے فتوے اسی دوسری غرض کے لیے حاصل کیے جاتے ہیں اور ان میں اکثر ناموں کو چھپا کر اور اصل عبارتوں کو کاٹ چھانٹ کر استفتا کیا جاتا ہے جب یہ حالات آپ کو معلوم تھے تو کیا احتیاط کا مقتضیٰ یہ نہ تھا کہ آپ مستفتی سے مطالبہ کرتے کہ وہ ان لوگوں کے نام ظاہر کرے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جن کی عبارتیں وہ پیش کر رہا ہے؟ آخر یہ فرض آپ پر کس نے عائد کیا تھا کہ مستفتی جو صورت مسئلہ جس طور پر آپ کے سامنے پیش کرے اُس پر آپ مجبوراً اُسی طرح فتویٰ تحریر فرما دیں؟ دوسرے مسائل میں آپ کا جو طریقہ بھی ہو اس سے ہم کو بحث نہیں۔ مگر تکفیر کے معاملہ میں تو آپ کو سمجھنا چاہیے کہ یہ بڑی ذمہ داری کا کام ہے۔ اس سے امت میں سخت فتنے پھیل سکتے ہیں اور پھیلائے جا چکے ہیں۔ اس معاملہ میں گمنام عبارتوں پر فتویٰ لکھ کر مستفتی کے حوالہ کر دینا بالکل ایسا ہے جیسے آپ کسی کو اپنا خنجر دے کر اسے مجاز کر دیں کہ آپ کی طرف سے جس کو چاہے ذبح کر دے آپ فرما سکتے ہیں کہ ہم مفتی ہیں، قاضی نہیں ہیں۔ بالکل درست۔ مگر کیا مفتی اسلام پر تحقیق و تفتیش اور احوال زمانہ کے ملاحظہ، اور مصالح امت کی رعایت کا قطعاً کوئی فرض عائد نہیں ہوتا؟ اور کیا شریعت میں مفتی کو بالکل مستفتی کا پابند کر دیا گیا ہے کہ وہ مستفتی کے ہر سوال کا جواب ضرور ہی دے اور انہی قیود کے اندر دے جن میں استفتا کیا گیا ہو؟

ہم تسلیم کرتے ہیں کہ جناب والا نے "اگر" اور "تو" کی بہت ہی قانونی قیود کے ساتھ فتویٰ تحریر فرمایا ہے۔ یہ احتیاط بھی شکریہ کے قابل ہے لیکن شاید جناب نے غور نہ فرمایا کہ اس شرط و جزا کے ساتھ فتویٰ لکھ کر مستفتی کے حوالہ کر دینے کے معنی کیا ہیں؟ جناب نے اس کو لکھا تھا کہ "اگر یہ مقالات کسی شخص کے متعین ہو جائیں تو اس کے الحاد و زندقہ ہونے میں کوئی شبہ نہیں اور ایسے زنادقہ کی اعانت بالکل حرام ہے"۔ وہ اس تحریر کو لے گیا اور معاً مستفتی سے قاضی کی حیثیت اختیار کر کے اس نے فیصلہ صادر کر دیا کہ یہ خیالات و مقالات مولانا شبلی اور مولانا حمید الدین کے متعین ہو گئے، لہذا وہ اور ان کے تلامذہ و متبعین زنادقہ ہیں۔ اور ان کی اعانت حرام ہے۔ غور فرمائیے۔ یہ خنجر جو اس نے دو مرحوم مسلمانوں کی قبروں میں اور بہت سے زندہ مسلمانوں کے سینوں میں بھونک دیا کیا یہ جناب ہی کا عطا کردہ نہ تھا؟ اور کیا آپ ہی

© rasailojaraid.com